Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ ذی الحجہ سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۶ اگست سنہ ۱۹۲۳ء	نمبر ۳۲

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۷ جولائی سنہ ۱۹۲۳ء

رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر مشعر اسکے کہ قبل اس سے کونسل خاندان میں سید عابد حسین پیشکار بشاہرہ چالیس روپیہ ملازم تھے۔ اُنکے انتقال کے بعد بموجب عرضداشت کونسل خاندان سے ناصر حسین پسر نابالغ متوفی کو بعہدہ پیشکاری کونسل خاندان مقرر فرمایا گیا۔ اور بجز چالیس روپیہ تنخواہ کے نابالغ سید ناصر حسین طفل کو تا حصول قابلیت پیشکاری بیس روپیہ ماہوار دیا جا

اور باقی بیس روپیہ ماہوار سید محمد علی پیشکار اجلاس ہمایون کو بابت
انجام دہی کار پیشکاری دیا جانا اجلاس ہمایون سے منظور فرمایا گیا تھا۔
اس انتظام میں بوجہ کثرت کار دو صیغہ کا کام کرنیکی وجہ سے کونسل خاندان کے
کام میں اکثر حرج واقع ہوتا ہے۔ اور نیز سید زاہد حسین نابالغ کی بابت میں شعور کو
پہنچکر قابلیت کار پیشکاری کے پیدا ہو جانیکا بھی امکان نہیں ہے۔ لہذا بضرورت مصلحت
انتظامی و خوش اسلوبی کار سرکار بیس روپیہ ماہوار جو سید محمد علی پیشکار کو ملتے ہیں
وہ علیحدگی خدمت پیشکاری مسدود فرمائے جائیں۔ اور مبلغ بیس روپیہ
ماہوار زاہد حسین طفل کو تا بلوغ بدستور پرورشاً ملتے رہیں۔ لقب پیشکاری انکے
نام سے خارج فرمایا جائے۔ بعد بلوغ انکی درخواست پیش ہونے پر باندازۂ
لیاقت تعین خدمت کی بابت تجویز کیجائیگی۔ اور سید وزیر علی اہلمد کونسل
خاندان مشاہرہ دار تیس روپیہ جو ملازم دیرینہ اور خاندان کے کام سے بخوبی
واقف ہیں بوجہ مستحق ہونے کے بشاہرہ [illegible] روپیہ پیشکار کونسل خاندان مقرر
فرمایا جائے۔ اور بجائے سید وزیر علی اہلمد کے دوسرے اہلمد کی تقرری کی بشاہرہ
آٹھ روپیہ منظوری عطا فرمائی جائے۔ ملاحظہ ہو کر منظور ہوئی۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۲ر جولائی ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر انہار۔ سید جعفر حسین صاحب
انجینیر انہار کی رخصت چھ ہفتہ بوضع تنخواہ منظور فرمائی گئی۔ اور ماہ جون
۱۹۲۳ء کی تنخواہ صاحب موصوف کو نہ بھیجے جانے اور تحویل خزانہ میں جمع ہونے کا
حکم صادر فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۹ر جولائی ۱۹۲۳ء

روبکار ۳ر جون ۱۹۲۳ء صادرہ اجلاس ہمایون مشتہرہ گزٹ ۲۵ر جون
۱۹۲۳ء نمبری ۲۰ صفحہ ۱ و ۲ و ۳ کے کاپی کا غالباً اصل حکم سے مقابلہ نہیں
کیا گیا کیونکہ گزٹ مذکور میں بصفحہ اول روبکار مذکور کے سطر اول میں لفظ
مستاجران کے بعد لفظ (نے) رہگیا ہے۔ اور صفحہ ۲ کی پانچویں سطر میں
لفظ (یہ عمل) صاف نہیں ہے۔ اور صفحہ ۳ کی دفعہ ۵ کے دوسری سطر میں
اقرار (نامہ) کی بجائے اقرار ثانیہ طبع ہوا ہے۔ اور صفحہ ۳ کے دوسرے
حصہ کی سطر اول میں بجائے (ہر ایسا شخص) کے ہر ایک شخص طبع
ہوا ہے۔ اسی صفحہ کے دوسرے حصہ کی سطر ۹ میں لفظ رقم لگان
کے بعد لفظ (سے) لکھنے سے رہگیا ہے۔ اور اسی صفحہ میں دفعہ ۱۱
روبکار ہذا کی تاریخ نفاذ سے قبل کے بعد لفظ (بھی) کی بجائے لفظ (سے) طبع ہوا ہے۔ جو قابل
تصحیح ہے۔ بعد تصحیح مصرحۂ بالا مکرر روبکار مذکور درج گزٹ کیا جائے اور چونکہ ابھی روبکار
۳ر جون ۱۹۲۳ء کے مستاجران و کاشتکاران و اشخاص قانون پیشہ کو اکثر ضرورت ہوگی
بہت جلد بصورت کتابی یادداشت کاغذ پر طبع کرا لیجائے بعد طبع ناظر اجلاس کے پاس رہے تاکہ
جو شخص خریدنا چاہے بقیمت خرید کرے۔ ناظر اجلاس کو تخمینہ طبع پیش کرنا چاہئے۔ حکم ہوا کہ
احکام ضابطہ جاری ہوں۔
دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

یہ روبکار حکم مرقومۃ الصدر کے تعمیل میں بعد تصحیح مکرر طبع کیا گیا

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۳ر جون ۱۹۲۳ء

بعض مستاجران (خواہ وہ باشندہ اسی موضع مستاجری کے ہیں یا دوسرے مقام کے ہیں)
اپنے زمانہ مستاجری میں اپنے نام سے یا اپنے ملازمین یا اعزا کے نام سے اپنے موضع
مستاجری میں شرح مروجہ موضع سے کم شرح لگان پر آراضیات اپنی کاشت میں
کر لیتے ہیں یا اپنے ملازمین یا اعزا کی کاشت میں دیدیتے ہیں۔ چونکہ مستاجر کا حق
موضع مستاجری میں ختم میعاد بندوبست کے باقی نہیں رہتا۔ لہذا آراضیات مذکورہ پر
انکو قابض رہنے کا بھی حق اصولاً نہیں ہے۔ اور جسطرح حسب احکام دستور ششم
دستور عامہ مستاجر کو معافی لگان پر آراضی دینے کا حق نہیں ہے اسیطرح رعایتی
شرح لگان پر خود کاشت آراضی لینے کا یا اپنے اعزا اور اپنے ملازمین کو دینے کا اصولاً
حق نہیں ہے۔ مستاجران کا یہ عمل اخفاء لگان کی ایک صورت ہے اور اسکو جائز رکھنے میں
سرکاری لگان کا نقصان ہے۔ چونکہ اس ناجائز طرز عمل کا انسداد ضروری ہے
لہذا حسب ذیل احکام نافذ کئے جاتے ہیں۔

دفعہ (۱) جو آراضی کسی مستاجر نے اپنی میعاد مستاجری کے اندر کسی وقت
اپنی کاشت میں لے لی ہو۔ اس آراضی سے وہ مستاجر ختم میعاد مستاجری کے
بیدخل متصور ہوگا۔

دفعہ ۲ - جو آراضی عام شرح مروجہ موضع سے کم شرح لگان پر کسی عزیز یا ملازم مستاجر کے قبضہ میں ہوگی - اور آراضی مذکورہ اُسی مستاجر کی میعاد مستاجری میں حاصل کی گئی ہوگی جسکا شخص قابض عزیز یا ملازم ہے - تو بعد ختم ٹھیکہ مستاجر مذکور -

الف - اگر وہ شخص قابض (یعنی عزیز یا ملازم مستاجر) کاشتکاری پیشہ ہے اور اُسی موضع کا یا اُس موضع کے قرب وجوار کے موضع کا باشندہ ہے - اور آراضی مذکور خود اُسکی کاشت میں ہے تو آراضی مذکورہ کی شرح لگان وہی منظور ہوگی جو بوقت ختم ٹھیکہ عام شرح دیگر آراضیات موضع کے ہوگی اور اُسپر باضابطہ اضافہ بھی مثل دیگر آراضیات کے ہوسکیگا -

ب - ورنہ وہ شخص قابض (یعنی عزیز یا ملازم مستاجر) اُس آراضی سے بیدخل متصور ہوگا

دفعہ ۳ - جو آراضی مقبوضہ مستاجر سابق یا عزیز یا ملازم مستاجر سابق منجانب قابض کاشتکار ذیلی کی کاشت میں ہوگی اُس آراضی کا جو لگان کاشتکار ذیلی ادا کرتا ہوگا وہی لگان اصلی لگان اُس آراضی کا متصور ہوگا اور وہ ذیلی کاشتکار مستاجر جدید کا اصلی کاشتکار سمجھا جائیگا اور اُس آراضی پر باضابطہ اضافہ بھی ہوسکیگا

دفعہ ۴ (۱) مستاجر جدید کی درخواست پیش ہونے پر یا کسی دیگر ذریعہ سے اگر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کو معلوم ہوگا کہ کوئی آراضی مستاجر سابق کے قبضہ میں ہے یا مستاجر سابق کے کسی عزیز یا ملازم کے قبضہ میں ہے اور اُس آراضی سے احکام دفعات (۱) یا (۲) روبکار ہذا متعلق ہیں - تو صاحب ریونیو سکریٹری بہادر بعد حصول اطمینان ضروری حسب ذیل تجویز کرینگے -

الف - جو آراضی مستاجر سابق کے قبضہ میں خلاف احکام روبکار ہذا ہے یا کسی عزیز یا ملازم مستاجر مذکور کے قبضہ میں خلاف احکام دفعہ ۲ حرف (ب) روبکار ہذا ہے اُس سے مستاجر مذکور یا اُسکے عزیز یا ملازم کی بیدخلی کا حکم صادر کرینگے -

(ب) جو آراضی مستاجر سابق کے کسی عزیز یا ملازم کے قبضہ میں ہے اور اُس سے دفعہ (۲) حرف (الف) روبکار ہذا متعلق ہے تو حسب دفعہ ۲ حرف (الف) مذکور اُسکے لگان میں اُسقدر بیشی کردینگے جسقدر باعتبار عام شرح دیگر آراضیات کی کی ہوگی -

(۲) نفاذ اُس تجویز کا اُس سال کی یکم جولائی سے ہوگا - جس سال میں مستاجر جدید کی درخواست پیش ہوئی ہو یا دیگر ذریعہ سے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کو اطلاع ہوئی ہو -

دفعہ ۵ - بعد تجویز حسب دفعہ ماسبق اگر معلوم ہو کہ

(۱) مستاجر سابق نے اپنی مقبوضہ آراضی میں فصل کی کاشت کرلی ہو تو مستاجر سابق تا اختتام اُس فصل کے اُس آراضی پر قبضہ رکھنے کا مستحق ہوگا اور اُس آراضی کی بابت اُسی شرح سے لگان ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگا جو دیگر آراضیات کی عام شرح لگان اُس موضع میں ہوگی اور جو صاحب ریونیو سکریٹری بہادر معین فرمادینگے -

(۲) یا مستاجر سابق کے کسی عزیز یا ملازم نے اپنی مقبوضہ آراضی میں فصل کی کاشت کرلی ہو اور شخص قابض آراضی اُس آراضی کو لگان مجوزہ حسب دفعہ ۴ پر اپنی کاشت میں رکھنا نہ چاہے تو قابض آراضی کو تا اختتام اُس فصل کے اُس آراضی پر قبضہ رکھنے کا حق ہوگا لیکن اُس فصل کی بابت اُس آراضی کا لگان اُس شرح سے ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگا - جو حسب دفعہ ۴ تجویز کردیا گیا ہے -

دفعہ ۶ - باوصف احکام دفعہ ۵ ماسبق مستاجر جدید کو یہ استحقاق حاصل ہوگا کہ بعد تجویز حسب دفعہ ۴ اُس فصل کو جس سے احکام دفعہ ۵ ماسبق متعلق ہیں خرید لے اور اس صورت میں احکام دفعات ۶۰، ۶۱ و ۶۲ لغایت ۶۶ دستور حاضرہ اُس خریداری سے متعلق ہونگے اور بعد خریداری مذکور شخص قابض فوراً بیدخل ہوجائیگا -

دفعہ ۷ - جو آراضی حسب احکام روبکار ہذا بیدخل کیجائیگی یا جسکے لگان میں بیشی کیجائیگی - اُسکی نسبت حسب ذیل عمل کیا جائیگا -

(الف) اگر کارروائی بیدخلی و بیشی لگان بربنائے درخواست مستاجر جدید ہوگی تو کل لگان آراضی بیدخل شدہ یا لگان بیشی شدہ مستاجر جدید پانے کا مستحق ہوگا بشرطیکہ مستاجر جدید نے اپنی میعاد ٹھیکہ شروع ہونے سے ایک سال کے اندر درخواست پیش کی ہو -

(ب) اگر کارروائی بیدخلی و بیشی لگان بربنائے درخواست مستاجر ہوگی لیکن درخواست مذکور بعد ایک سال کے پیش کیجائیگی تو نصف لگان آراضی بیدخل شدہ یا نصف لگان بیشی شدہ مستاجر جدید پانیکا مستحق ہوگا اور نصف حق سرکار ہوگا -

دفعہ ۸ - حسب دفعہ ماسبق

(۱) جسقدر لگان آراضی بیدخل شدہ یا لگان بیشی شدہ کا مستحق مستاجر جدید قرار پائیگا اُسکی بابت مستاجر جدید کو مذرانہ ادا کرنا ہوگا - جسکی

تعداد بکسر از رقم لگان یافتنی مستاجر کا نصف ہوگی اور

(۲) جسقدر لگان مذکورہ حق سرکار قرار پائیگا اسکی بابت مستاجر جدید سے مثل رقم کسر حصہ کے اقرارنامہ حاصل کیا جائیگا۔

دفعہ ۹ - صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کو اختیار ہوگا کہ حسب روبکار ہذا جو اختیارات اُنکو تفویض ہوئے ہین اُنمین سے کل یا بعض کسی اپنے ماتحت عہدہ دار کو عام طور پر یا بعض خاص معاملات کے تصفیہ کے لئے تفویض کردین - اور ایسی صورت مین اُس عہدہ دار ماتحت کے فیصلہ کی نگرانی صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے اجلاس مین ہوسکیگی۔

دفعہ ۱۰ - واسطے اغراض روبکار ہذا - لفظ "مستاجر" کے وہی معنی ہین جو دستور جاریہ کے دفعہ ۶ مین مذکور ہین اور لفظ "مستاجر" مین ہر ایسا شخص داخل ہے جو منجانب مستاجر کارکن ہو۔

جو صورت ایک ہی خاندان کے اشخاص کے پاس چند میعاد ٹھیکہ تک رہا ہو تو ایک ہی مستاجر کی مستاجری متصور ہوگی - مثلاً زید ایک گاؤن کا مستاجر ہو زید کے بعد عمرو زید کے بیٹے یا بھائی نے اُسی گاؤن کو ٹھیکہ مین لے لیا اُسکے بعد عمرو کے بیٹے بکر نے ٹھیکہ لے لیا تو سمجھا جائیگا کہ یہ تینون میعاد ہائے ٹھیکہ ایک ہی مستاجر کی مستاجری کے ہین - اُس رقم لگان مین جو آراضی مقبوضہ مستاجر سابق یا متعلق عزیز یا ملازم مستاجر سابق کی بابت اشخاص مذکورہ کے نام پر کاغذات پٹواری مین درج ہو اور اُس رقم لگان سے جو اُسی آراضی کی بابت کاشتکار ذیل کے نام پر پیچا جو فرق ہوگا وہ لگان پیش شدہ سمجھا جائیگا۔

دفعہ ۱۱ - روبکار ہذا کی تاریخ نفاذ سے قبل بھی - جو آراضی خلاف احکام روبکار ہذا کسی شخص کے قبضہ مین ہوگی اُس سے بھی احکام روبکار ہذا متعلق ہونگے۔

لہذا حکم ہوا کہ

احکام سررشتہ صدر سے حسب قاعدہ جاری ہون

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲۹ جولائی لغایت ۴ اگست ۱۹۲۳ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۹ جولائی ۱۹۲۳ء یوم یکشنبہ	۲	۴۸ ½	۳۲	۱۷۶	۱۲	۱۱۳	۳	۴۵	۸	۶۱	۵	۵۵
۳۰ جولائی ۱۹۲۳ء یوم دوشنبہ	۰	۴۸ ½	۰	۱۷۶	۹	۱۱۲	۰	۴۵	۰	۶۱	۰	۵۵
۳۱ جولائی ۱۹۲۳ء یوم سہ شنبہ	۰	۴۸ ½	۰	۱۷۶	۰	۱۱۲	۰	۴۵	۰	۶۱	۰	۵۵
یکم اگست ۱۹۲۳ء یوم چہار شنبہ	۰	۴۸ ½	نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۴۵	۰	۶۱	۱۰	۶۵
۲ اگست ۱۹۲۳ء یوم پنجشنبہ	۲۴	۷۲ ½	″	۰	″		نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۶۱	نقشہ نہیں آیا	۰
۳ اگست ۱۹۲۳ء یوم جمعہ	۱ ½	۷۴	″	۰	″	۰	″	۰	۱۴	۷۵	″	۰
۴ اگست ۱۹۲۳ء یوم شنبہ	۲۷	۱۰۱	″	۰	″	۰	″	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	″	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۳۰ جولائی لغایت ۵ اگست ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۸ ما ر		۲ ۰ ما ر		۲ ۰ ما ر	دیگر تحصیلوں سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص		۱۴ ما ر		۱۳ ما ر		۱۳ ما ر	
نخود کسر آمیز		۱۵ ر		۱۵ ما ر	۰	۱۴ ۰ ما ر	
کتہ		۱۵ ۰ ما ر		۱۷ ما ر		۱۵ ر	
ماش		۲ ۰ ما ر		۰		۱۷ ر	
مونگ		۰		۰		۱۸ ر	
مکا		۰		۰		۰	
جئی		۱۵ ر		۲۰ ما ر		۱۵ ر	
گوجئی		۰		۰		۱۱ ما ر	
عدس		۰		۰		۱۷ ما ر	
ارہر		۱۳ ما ر		۰		۱۲ ما ر	
برنج		۴ ما ر		۴ ما ر		۴ ما ر	
روغن زرد		— ۳ ر ما ر		— ۳ ر ما ر		— ۳ ر ما ر	
روغن سیاہ		۱ ر ما ر		۱ ۰ ما ر		۲ ما ر	
روغن کنجد		۱ ما ر		۲ ما ر		۱ ما ر	
نمک سانبھر		۶ ۰ ما ر		۶ ۰ ما ر		۸ ما ر	
نمک لاہوری		۶ ما ر		۵ ما ر		۷ ما ر	
قند سیاہ		۳ ما ر		۳ ۰ ما ر		۳ ما ر	
باجرہ		۰		۰		۰	